Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. تکثیر پسندوں کے چار بنیادی اصول لکھیں.

Ans 1: 1.ریاست اور دیگر انسانی ادارے مساوی مقام رکھتے ہیں. 2.ریا ست کو دیگر اداروں پر برتری نہیں ملنی چاہیے. 3.تکثیر پسند ریاست کا خاتمہ نہیں چاہتے البتہ اس کے مقام و اختیارات میں کمی کے حق میں ہیں. 4.تکثیر پسندوں کا خیال ہے کہ قانون رسوم و رواج سے اخذ کیا گیا اور ریاست کی تخلیق قانون نے کی ہے.

Q2. بادشاہت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بادشاہت واحد نظام تھا جو دنیا کے بہت سے ممالک میں رائج تھا،اس نظام میں قوت کا سرچشمہ بادشاہ کی ذات تھی وہ لا محدود اختیارات کا مالک تھا اور وہ کسی کو جواب دہ نہیں تھا.

Q3. جان آسٹن اقتدار اعلی کی تعریف کیسے کرتا ہے؟

Ans 1: جان آسٹن اقتدار اعلی کی تعریف یوں کرتا ہے کہ "اگر کوئی معین برتر فرد جو اپنے جیسے کسی دوسرے برتر فرد کی اطاعت کا عادی نہ ہو اور عوام کی بڑی اکثریت اس کے احکامات کی عادتاً پیروی کرتی ہو وہ مقتدر اعلی ہے اور وہ معاشرہ اس برتر فرد سمیت آزاد اور خودمختار معاشرہ ہے".

Q4. اقتدار اعلی کے دو پہلو کونسے ہیں؟نام لکھیں.

Ans 1: اقتدار اعلی کے دو پہلو درج ذیل ہیں- 1.اندرونی اقتدار اعلی 2.بیرونی اقتدار اعلی

Q5. آسٹن وحدت پسندوں کے نزدیک اقتدار اعلیٰ کی کیا تعریف ہے؟

Ans 1: آسٹن وحدت پسندوں کے نزدیک اقتدار اعلیٰ کی تعریف درج ذیل ہے: "ایک معین برتر فرد جو کسی دوسرے فرد کی اطاعت کا پابند نہ ہو معاشرے کاایک بہت بڑا حصہ اس کی اطاعت عادتاً کرتا ہو تو وہ برتر اعلیٰ فرد موتدر اعلیٰ کہلاتا ہے اور معاشرہ اس برتر فرد سمیت ایک سیاسی اور خودمختار معاشرہ ہوتا ہے".

Q6. اقتدار اعلی کی پائیداری سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ریاست کا اقتدار اعلی پائیدار ہوتا ہےاور ریسات کی آزادی اور خودمختاری کی دلیل ہوتاہے.اسے ہم ریاست کی روح کہ سکتے ہیں،اقتدار اعلی کی عمر ریاست کے مساوی ہوتی ہے.ریاست کا خاتمہ اقتدار اعلی کے خاتمے کا باعث بنتی ہے،حکومت اور اقتداراعلی کو بعض لوگ ہم معنی سمجھتے ہیں،ریاست میں حکومت میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں لیکن اقتدار اعلی اپنی اصل حالت میں قائم رہتا ہے.

Q7. بیرونی اقتدار اعکی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بیرونی اقتدار اعلی ریاست کو غیر ملکی دباؤسے آزاد رکھتا ہے.یہ خودمختار اور مطلق العنان ہوتا ہےجب ریاست پر دوسری ریاستوں کا دباؤ نہ ہواور وہ تمام فیصلے اپنی مرضی سے کرنے کی مجاز ہو تواسے اقتدار اعلی ملا ہوتا ہے.ریاست اقتدار اعلی کے طفیل اپنی پالیسیاں ترتیب دیتی ہے اور بیرونی تعلقات قائم رکھتی ہے.

Q8. آسٹن کے نظریہ اقتدار اعلی دو خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: 1.مقتدر اعلی بہت زیادہ طاقت وراور لامحدود اختیارات کا مالک ہوتا ہے.وہ کسی کو جواب دہ نہیں ہوتا اور اس کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کو قانون کا مقام حاصل ہو جاتا ہے. 2.آسٹن کسی ایک فرد یا جماعت کو اقتدار اعلی کا مالک کہتا ہے جسے باآسانی پہچانا جا سکے،روسو کے عوامی اقتدار کو وہ تنقید کا نشانہ بناتا ہے.اس میں مقتدر اعلی کی شناخت نہیں ہوسکتی.

Q9. روسو نے اقتداراعلی کی کیا تعریف کی ہے؟

Ans 1: روسو نے اقتداراعلی کی تعریف یوں کی ہے کہ "اقتدار اعلی مطلق،قطعی،ناقابل تقسیم اور ناقابل اختیار کا نام ہے".

Q10. ارسطونےاعلی اقتدار کے بارے میں کیا کہا ہے؟

Ans 1: ارسطونے اعلی اقتدار کی تعریف یوں کی ہے کہ:"اقتدار اعلی ریاست کی عظیم اور برتر طاقت ہے".
